برائے دہم جماعت نمونہ سوالی پرچہ زبان اول اردو ۲۱۔۲۰۲۰

SSLC URDU MODEL QUESTION PAPER 2

TIME : 3hr　　MARKS : 100　　وقفہ: تین گھنٹے　　مارکس: ۱۰۰

I دئے گئے سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب چن کر لکھئے　　1X6=6

۱) غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے

۱) مقطعہ　　۲) حسن مطلع

۳) مطلع　　۴) بیت الغزل

۲) الفاظ کا ایسا مجموعہ جس سے پوری بات میں سمجھ میں آجائے اسے

۱) لفظ　　۲) حرف　　۳) جملہ　　۴) بحر

۳) محاورہ ''ترکی بہ ترکی جواب دینا'' کے معنی ہیں

۱) نہایت خوش ہونا　　۲) جیسا کہے ویسا جواب دینا　　۳) کھل کر ہنسنا　　۴) جواب دینا

۴) جس نظم میں مرحوم شخص کی تعریف کی جائے

۱) حمد　　۲) غزل　　۳) نظم　　۴) مرثیہ

۵) غیر افسانوی انداز میں لکھی جانے والی تحریر

۱) مضمون　　۲) افسانہ　　۳) ناول　　۴) ڈراما

۶) کیا کیا خضر نے سکندر سے　　اب کسے رہنما کرے کوئی (اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت ہے)

۱) صنعت تضاد　　۲) صنعت تلمیح　　۳) سنعت استعارہ　　۴) صنعت تشبیہہ

II پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کے لئے مناسب جوڑ لگائے　　1X4=4

۷) قصوا : اونٹنی　　::　　مزدلفہ : ____________________

۸) عقیدہ : ایمان　　::　　نیتا : ____________________

۹) دواخانہ : لاحقہ　　::　　لاعلم : ____________________

۱۰) حجتہ الوداع : سید سلیمان ندوی　　::　　درشٹی : ____________________

III درج ذیل سوالات کے ایک جملے میں جواب لکھئے 1X7=7

۱۱)اللہ رب العزت کی کس صدا سے دنیا وجود میں آئی ؟

۱۲) خطبہ حجۃ الوداع کے موقعہ پر کس صحابیؓ نے اذان دی؟

۱۳)پنڈت جواہر لال نہرو کو کس زبان سے دلی لگاؤ تھا؟

۱۴)ودیا چرن جی کی تقریر کا جواب کون دیا کرتے تھے؟

۱۵)امیر خسرو کے والد کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

۱۶)لفظ لن ترانی کے کیا معنی ہیں؟

۱۷) صفیں بننے کے بعد کیوں غل مچا

IV درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے 2x10=20

۱۸)غلام اور خدام کے حسن سلوک کے بارے میں آپؐ نے کیا ارشاد فرمایا؟

۱۹) آپؐ کی آمد سے قبل دنیا کا کیا عالم تھا؟

۲۰)نہرو نے اندرا کی فرمائش کا کیا جواب دیا؟

۲۱)شاعر بچپن کے بہلاوے کی باتوں کو حسین جھوٹ کیوں کہا ہے؟

۲۲)سرحدیں انسانی آزادی اور ترقی میں کس طرح رکاوٹ بنتی ہیں؟

۲۳)خسرو کی ابتدائی زندگی میں مصیبتوں کا سامنا کیوں کرنا پڑا؟

۲۴)رباعی کی تعریف بیان کیجئے

۲۵)شاد عظیم آبادی نے رباعی میں کون سی حقیقت بیان کی ہے؟

۲۶) حضرت امام حسینؓ امت کے واسطے کیا کچھ کر گزرنا چاہتے تھے؟

۲۷) موسیقی کی دنیا میں خسرو کی ایجادات کیا تھیں

V تین یا چار جملوں میں جواب لکھئے 3x11=33

بحوالہ متن وضاحت کیجئے

۲۸) ’’ اردو بھلا کس کی مادری زبان ہو سکتی ہے‘‘

۲۹) ’’اے خدا تو گواہ رہ‘‘

۳۰)’’پھر سارا دیش ہمارے محلّہ جیسا کیوں نہ بنے‘‘

درج ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے

۳۱) سید سلیمان ندوی

درج ذیل شاعر کا تعارف لکھئے

۳۲) میر انیس

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے

۳۳) ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں　　میری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

۳۴) نہ سنو گر برا کرے کوئی　　نہ کہو گر برا کرے کوئی

۳۵) فرصت کہاں کہ یاد کا ملبہ ریدتے　　کچھ لوگ آندھیوں میں گرے اور سنبھل گئے

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھئے

۳۶) درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے

۱) ترکی بہ ترکی جواب دینا

۲) پراون چڑھنا

۳) پہاڑ ٹوٹنا

۳۷) استدراکی جملہ کسے کہتے مثال کے ساتھ لکھئے

۳۸) صنعت تشبیہ کی تعریف لکھئے مثال کے ساتھ　　یا　　صنعت تضاد یا طباق سے کیا مراد ہے؟ مثال کے ساتھ لکھئے

VI درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے　　4x5=20

۳۹) اپنی نصابی کتاب سے حمد کے ابتدائی چار اشعار برزبانی لکھئے

یا

مرثیہ نظم کے آخری دو بند سے کوئی چار اشعار برزبانی لکھئے

۴۰) کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے　۱ جگنو　　یا　　۲) سرحدوں کا جال

۴۱) امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں لکھئے؟

۴۲) حجتہ الوداع کے موقعہ پر دئے گئے خطبہ میں حضورؐ نے حسن معاشرت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟

یا

جواہر لال نہرو کی اردو دوستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں لکھئے

۴۳) درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے

حضرت عثمان غنیؓ کا نام عثمان الو عبداللہ کنیت ذوالنورین لقب اور والد کا نام عفان تھا آپ کا سلسلہ شب پانچویں پشت جا ملتا ہے اپنی ماں کی طرف سے آپ آں حضورؐ کے رشتہ دار بھی ہیں ذوالنورین یعنی دو نور والے لقب کی وجہ یہ ہے کہ آپؓ کی دو صاحبزادیاں حضرت رقیہؓ اور انکے انتقال کے بعد حضرت ام کلثومؓ سے نکاح کیا تھا

سوالات

۱) حضرت عثمانؓ کا نام کنیت اور لقب اور والد کا نام کیا تھا؟

۲) آپؓ کو ذوالنورین کہنے کی وجہ کیا ہے؟

VII اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل میں سے کوئی ایک خط لکھئے 5x1=5

۴۴) اپنے میر معلم کو درخواست نامہ لکھئے جس میں اپنی آگے کی تعلیم جاری رکھنے کے لئے سند تبادلہ دینے کا ذکر کیا گیا ہو

یا

اپنے والدین کو خط لکھئے جس میں اسکول کے سالانہ جلسے میں شرکت کرنے کی گزارش کی گئی ہو

VIII کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے 5x1=5

۴۵) ۱) کوویڈ ۱۹ کے اثرات

۲) موبائل فون کے فائدے اور نقصانات

☆☆☆☆☆

ہائی اسکول اردو ٹیچرس فورم ضلع شیموگہ

Prepared by

1) MUNZEERA BEGUM 2) RABIYA BASRI 3) SYEDA IRFATH 4) ASMA KOUSER